ہوئے اپنے اس علمی روحانی مرکز کی ترقی کیلئے اپنے مساعی وقف کرنے کی توفیق دے۔ حضرت مولانا مطیع الرحمن وقتاً فوقتاً جامعہ کے اساتذہ، شیوخ اور مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ اور نائب مہتمم شیخ الحدیث مولانا انوار الحق اور دیگر اساتذہ کی صحبتوں سے مستفید ہوئے۔

جامعہ دار العلوم حقانیہ میں تعلیمی کمیٹی سمیت شیوخ و اساتذہ کا اجلاس: جامعہ حقانیہ کے سالانہ تعلیمی سال کے ابتداء اور پھر دو ہفتے بعد دوبارہ اساتذہ کے تعلیمی کمیٹی سمیت جملہ شیوخ و اساتذہ کا اجلاس مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کی صدارت میں منعقد ہوئے۔ جو کہ کئی گھنٹے جاری رہے۔ نائب مہتمم حضرت مولانا محمد انوار الحق مدظلہ نے مجلس میں زیر بحث آنے والے اہم امور اور مسائل شرکاء کے اجلاس کے سامنے رکھے۔ ہر تجویز پر تفصیلی بحث اور اہم فیصلے کئے جس میں زیادہ تر امور میں اہم ترین مسئلہ طلباء کی تعلیمی معیار میں مزید ترقی اور اخلاقی تربیت کی طرف توجہ کی ضرورت پر زور اور اس کے لئے ضروری فیصلے کئے گئے۔ امسال کے وفاق اور جامعہ حقانیہ کے اپنے سالانہ نتائج سامنے رکھ کر ہر کلاس اور اساتذہ کی کارگری کا جائزہ لیا گیا۔ وفاق اور دار العلوم کے نتائج پر اطمینان کا اظہار ہوا۔

فرانسیسی صحافی کی دار العلوم آمد: موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں فرانسیسی صحافی گزشتہ دنوں دار العلوم تشریف لائے۔ انہوں نے دار العلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور یہاں پر درس و تدریس اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا اور یہاں کے پُر امن تعلیمی ماحول سے بڑے متاثر ہوئے، بعد میں انہوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے مختلف ملکی اور عالمی حالات و موضوعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

الشریعہ اکادمی کے زیر اہتمام درس نظامی کے فضلاء کے لئے

خصوصی تربیتی کورس

(محرم الحرام تا رجب المرجب ۱۴۳۲ھ)

زیر نگرانی: مولانا ابو عمار زاہد الراشدی

مضامین:

- حجۃ اللہ البالغہ کے منتخب ابواب
- مسلم افکار و تحریکات
- تقابل ادیان و مذاہب
- جدید مغربی فکر و فلسفہ
- سیاسیات، معاشیات اور نفسیات کا تعارفی مطالعہ
- انگریزی و عربی زبانیں
- کمپیوٹر سائنس
- مطالعہ اور تحقیق و تصنیف کی تربیت

(ضروری کوائف اور اسناد کی نقول کے ہمراہ درخواستیں ۱۰ ذی الحجہ تک بھیج دی جائیں۔ داخلہ ٹیسٹ اور انٹرویو میں کامیابی ضروری ہے)

الشریعہ اکادمی۔ ہاشمی کالونی کنگنی والا گوجرانوالہ۔ 0313-7542494 - 0302-6762399